ہیں اور پھر اس کا جواب دینے کے سلسلے میں اصل قاعدہ بیان کر جاتے ہیں اور اس کے بعد اصل قاعدہ مستقلاً لکھتے ہیں پھر ترجمہ کے ذریعہ اس کی کافی تمرین کراتے ہیں زبان بہت صاف۔ واضح اور عام فہم و سلیس ہے البتہ اگر مصنف اس بات کا اور اہتمام کرتے کہ اردو کے جملوں میں جو نئے الفاظ آنے والے ہیں ان کے لئے عربی کے الفاظ عربی کے جملوں میں لائے جاتے تو یہ اور زیادہ مفید ہوتا تاہم یہ کتاب اس لائق ہے کہ عربی کی تعلیم کے لئے مدارس اور اسکول اس سے فائدہ حاصل کریں۔

تمرین النحو از مولوی محمد مصطفٰے صاحب ندوی تقطیع خورد ضخامت ۱۳۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عمہ پتہ: دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

اس میں عربی کی جدید مصری کتاب النحو الواضح کے طرز پر ہندوستانی بچوں کے لئے نحو کے ابتدائی قواعد بیان کئے گئے ہیں مگر مشقی اور تمرینی انداز میں ہم نے خود ایک بچہ پر اس کا تجربہ کر کے دیکھا ہے اور مفید پایا ہے امید ہے کہ مدارس عربیہ اور اسکول وغیرہ اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

القرأۃ الجدیدہ از مولانا ابو الاثر عبد السلام النعمانی تقطیع خورد ضخامت ۲۲ صفحات قیمت ۴ر مکتبہ ندوۃ المعارف کھجی باغ بنارس

اس رسالہ میں ۳۴ اسباق ہیں شروع کے بارہ اسباق حروف تہجی اور الفاظ کی ترکیب سے متعلق ہیں اس کے بعد جو اسباق ہیں ان میں مختلف عنوانات کے ماتحت ان سے متعلقہ الفاظ مع ان کے معانی کے یکجا جمع کر دیئے ہیں عنوانات وہی ہیں جن کی ہر بچہ کو اپنے خاص ماحول میں زیادہ ضرورت پیش آتی ہے اس بنا پر جدید قاعدۂ تعلیم جس کو ڈائرکٹ میتھڈ کہتے ہیں اس کے اعتبار سے عربی زبان کی ابتدائی تعلیم کے وقت یہ رسالہ بھی سامنے رہے تو مفید ہوگا!

سنہ ۱۹۵۱ء کا شعری ادب تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت و طباعت